FORTNIGHTLY LIVESTOCK bulletin



@PunjabLivestock
@Livestockdpunjab
@livestockpunjab

9th Edition MARCH 1-Mar 15, 2021 helpline : 0800-78686 www.livestock.punjab.gov.pk

# Minister for Livestock Punjab Sardar Hasnain Bahadur Dareshk visits Lahore

The Department of Livestock & Dairy Development Punjab strives to provide modern diagnostic facilities with the aim of better service delivery to the farmers. These views were expressed by Minister for Livestock Punjab Sardar Hasnain Bahadur Dareshk during his visit to various government and private institutions in Lahore.

According to the details, Sardar Hasnain Bahadur Dareshk visited various institutions of the Livestock Department including Civil Veterinary Hospital Barki, Kahna and Pet Center R.A Bazaar to review ongoing departmental activities.



The Livestock Minister also met the farmers in Gawala Colony during which he listened to the problems of the livestock breeders. He said that the department was aware of all the problems and steps are being taken to address all the issues, of which sanitation and supply of medicines are of utmost importance in Gawala Colony. He told that instructions have been issued to the concerned authorities in this regard.

**“Speaking about the Prime Minister's Rural Poultry Program, the Minister for Livestock said that the aims and objectives of the project would be far-reaching and there is a dire need to collect data about backyard poultry so that the project could be further analyzed”**

Sardar Hasnain Bahadur Dareshk also visited various private livestock farms during which he stated that the facilitation to private sector farmers should be ensured in the best possible way. Referring to Livestock Breed Improvement, provincial minister Sardar Hasnain Bahadur said that the usefulness and contribution of buffalo in dairy industry cannot be denied, it is also very important to select the best breeds of animals for optimum productivity and growth. Speaking about the Prime Minister's Rural Poultry Program, the Minister for Livestock said that the aims and objectives of the project would be far-reaching and there is a dire need to collect data about backyard poultry so that the project could be further analyzed. He sought the feedback of livestock farmers and assured departmental cooperation in best service delivery.



Director Livestock Lahore Division, Additional Director Lahore, Director Communication and Dr. Yasir Abrar also accompanied the provincial minister during the visit.



**“Livestock Minister also met the farmers in Gawala Colony during which he listened to the problems of the livestock breeders. He said that the department was aware of all the problems and steps are being taken to address all the issues, of which sanitation and supply of medicines are of utmost importance in Gawala Colony”**







# Effective use of Pakistan's natural resources is essential for the promotion of the livestock sector: Sardar Hasnain Bahadur Dareshk

The importance of exhibitions and fairs in providing information up to the grass root level cannot be denied. This was stated by Minister for Livestock Punjab Sardar Hasnain Bahadur Dareshk. According to the details, a special delegation of

> **"Special participation of Minister for Livestock Punjab on the second day of Sindh Livestock Expo 2021"**

the Punjab Livestock Department led by Minister for Livestock Punjab Sardar Hasnain Bahadur Dareshk participated in the Livestock Expo 2021 in Sindh. Attending




the second day of the exhibition, Sardar Hasnain Bahadur Dareshk said that it was very important to organize exhibitions and fairs to provide latest information and success stories to the livestock farmers.

He lauded the efforts of Sindh Minister for Livestock Engineer Abdul Bari Patafi and his team in organizing such a successful event. He further said that Allah Almighty has blessed Pakistan with immense land, water and manpower and by using these resources effectively not only employment can be increased but also exports of halal products can be significantly increased. He said that such events are the best way to reach out to the stakeholders associated with the livestock sector.

He also visited different stalls in the exhibition and also participated in technical sessions. Sardar Hasnain Bahadur Dareshk thanked the management of Livestock and Fisheries Department of Sindh for inviting Punjab's team.

> **"Punjab Livestock Department led by Minister for Livestock Punjab Sardar Hasnain Bahadur Dareshk participated in the Livestock Expo 2021 in Sindh"**











## World's shortest cow and shortest bull

Traditionally, bulls are the sumo-wrestlers of the farmyard: big, heavy, immovable. At least that's how the stereotype goes. But as long-time fans of Guinness World Records (GWR) will know, occasionally we love to flip convention on its head. At just 67.6 cm (26.6 in) high at the withers (shoulder-blades), as confirmed by a vet on 27 April 2018, this Miniature Zebu is the new shortest bull. He is a full 4 cm (1.5 in) shy of the previous holder, Chegs HHAR Golden Boy from California, USA. As their name suggests, Miniature Zebus are known for their diminutive proportions, averaging in the 91-96.5 cm (36-38 in) range.



Indeed the breed has a cap on height, with any specimen standing over 106 cm (42 in) barred from registration. However, Humphrey is small even for his kind. For some perspective, the world's shortest cow would make even Humphrey look tall - relatively speaking. Manikyam, a Vechur (the smallest breed of cattle), was verified to be 61.1 cm (24 in) from hoof to withers in 2014. She lives in Kerala in southern India - the region to which Vechurs are native.

*By Adam Millward*
*https://www.guinnessworld records.com*

# Workshop for the veterinarians of Livestock Punjab



Workshop on "Facilitation Skills for Animal Welfare" in collaboration with The Brooke® completed in Lahore. Field veterinarians from Livestock Punjab participated. Minister Livestock Sardar Hasnain Bahadur Dareshak was the chief guest of closing ceremony. Director General (Ext.), Director Lahore Division, Director Communication, Additional Director Lahore & PSO also attended the ceremony. Working for the welfare of voiceless animals is the best example of humanity & all the participants must incorporate the learnt skills in their service delivery. Minister Livestock

**"Minister Livestock Sardar Hasnain Bahadur Dareshak was the chief guest of closing ceremony. Director General (Ext.), Director Lahore Division, Director Communication, Additional Director Lahore & PSO also attended the ceremony"**









## Prime Miniter's Initiative for Enhancing Beef Production

### BAHAWALPUR



### DG KHAN



### SAHIWAL




### RAWALPINDI



### FAISALABAD



## Clean & Green Punjab Campaign

### RAWALPINDI



### DG KHAN



### MULTAN



### SARGODHA



### BAHAWALPUR



## Prime Minister's Rural Poultry Initiative

### FAISALABAD



### LAHORE



### GUJRANWALA



### SARGODHA



## Vaccination Campaign

### BAHAWALPUR



### DG KHAN



### FAISALABAD



### MULTAN



### RAWALPINDI



### GUJRANWALA



### SAHIWAL



### SARGODHA



## Inspection Of Feed Mills

### LAHORE




### MULTAN



### BAHAWALPUR



### DG KHAN



### FAISALABAD




## Farmer's Day

### DG KHAN




### GUJRANWALA



### BAHAWALPUR



### SAHIWAL



# نجی وسرکاری سطح پر کارکردگی کے رہنما اصول (KPIs) وضع کرنا نہایت ضروری ہیں: وزیر لائیوسٹاک سردار حسنین بہادر دریشک









ڈیری سیکٹر کی ترقی کے لیے بین الاقوامی سطح پر رائج ڈیری ماڈل اپنانا ہوگا۔ یہ بات وزیر برائے لائیوسٹاک سردار حسنین بہادر دریشک نے ولائتی گائیوں کے جدید نجی ڈیری فارم کے دورہ کے دوران کہی۔ تفصیلات کے مطابق ڈیری سیکٹر کی ترویج بارے کی جانے والی حکومتی کوششوں کا عملی جائزہ لینے کے لیے کئے جانے والے اس دورہ کے دوران وزیر لائیوسٹاک سردار حسنین بہادر دریشک نے ڈیری فارم کے مختلف شعبہ جات جن میں ڈیری شیڈ ،ملکنگ پارلر اور بچھڑوں کے شیڈز شامل ہیں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈیٹا مینجمنٹ اور ٹیکنالوجی کا استعمال ڈیری بزنس کی بنیادی اکائیاں ہیں جن کی مدد سے مقامی سطح پر نہ صرف ڈیری فارمنگ کو فروغ دیا جا سکتا ہے بلکہ مجموعی طور پر اس سیکٹر کی ترویج کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے نجی ڈیری فارم کے انتظامی امور کو سراہا اور کہا کہ پولٹری کی صنعت کے بعد ڈیری فارمنگ ایک ایسا شعبہ ہے جس میں مثبت کاروباری رجحانات دیکھے جا رہے ہیں۔ وزیر لائیوسٹاک نے فارم کی تشخیصی لیبارٹری اور کوالٹی کنٹرول سیکشن کا بھی دورہ کیا اور کہا کہ امراض کی بروقت تشخیص اور بیماریوں سے بچاؤ بارے نجی اور سرکاری لیبارٹریز میں تعاون کو فروغ دینا ہوگا تاکہ پیداواری نقصانات کو کم کیا جا سکے۔ مزید برآں سرکاری اور نجی فارمز کے مابین تحقیقی معلومات کے تبادلے کی اشد ضرورت ہے۔ وزیر لائیوسٹاک نے نجی وسرکاری سطح پر کارکردگی کے رہنما اصول (KPIs) وضع کرنے کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ اس دورہ کے اغراض و مقاصد حکومتی پالیسی مرتب کرنے میں معاون ثابت ہوں گے۔ اس دورہ کے دوران ڈائریکٹر لاہور ڈویژن ڈاکٹر کنور نعیم، ڈائریکٹر کمیونی کیشن ڈاکٹر آصف رفیق اور پی ایس او ڈاکٹر یاسر ابرار بھی وزیر لائیوسٹاک کے ہمراہ تھے۔













## منہ کھر بیماری کے تدارک کے لیے افرادی قوت کی تربیت جاری



صوبہ بھر میں منہ کھر بیماری سے بچاؤ کی کاوشوں کے تحت محکمانہ افرادی قوت کی تربیت اور استعداد کار بڑھانے کی عملی کوششیں جاری وساری ہیں۔ اسی سلسلہ میں ڈائریکٹر اینیمل ڈیزیز رپورٹنگ اینڈ سرویلنس ڈاکٹر احتشام الحق خان نے ضلع خوشاب اور سرگودھا کا دورہ کیا۔ اس دورہ کے دوران اُنہوں نے منہ کھر بیماری کے خلاف جاری ویکسی نیشن مہم کا جائزہ لیا جس کے تحت بیماری سے متاثرہ علاقہ جات کی نشاندہی کے بعد اطراف کے موضع جات میں بھی حفاظتی ٹیکے لگائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے ضلعی تشخیصی لیبارٹریز کا بھی معائنہ کیا اور متعلقہ سٹاف کے تربیتی سیشنز میں حصہ لیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر احتشام الحق خان کا کہنا تھا کہ منہ کھر کی بیماری مویشی پال کی معاشی ترقی میں اہم رکاوٹ ہے جس کا سدباب کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ منہ کھر کے خلاف جاری جنگ کے دوران محکمانہ عملے کی تربیت اور رہنمائی میں تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے تشخیصی لیبارٹری میں کلین اینڈ گرین پنجاب شجرکاری مہم کے تحت پودا بھی لگایا۔

### ہمارے جانور

#### کنڈی



نسلی خواص: اس بھاری بھرکم سیاہ جانور کے سینگ جڑ سے چوڑے اوپر اور اندر کی طرف مڑے ہوتے ہیں۔ سینگ کی ساخت مچھلی کے کانٹے کی طرح ہوتی ہے جس وجہ سے اس کا نام کنڈی مشہور ہے۔ جسم پر سفید دھبے اور سیدھے سینگ اس میں ناپسندیدہ خواص ہیں۔ اس کا ماتھا چوڑا، چھوٹی گردن اور درمیانے کان ہوتے ہیں۔ اس کی بلوغت کی عمر نر میں 30 مہینے اور مادہ میں 36 مہینے ہوتی ہے۔ نر کا وزن 600-500 کلوگرام ہوتا ہے جبکہ مادہ کا وزن 400-300 کلوگرام تک ہوتا ہے۔ کنڈی بھینس کا ہوانہ مضبوط اور جسامت میں بڑا ہوتا ہے۔ فی بیانت دودھ کی پیداوار 2200-1700 لٹر ہے اور 6 فیصد سے زیادہ چکنائی ہوتی ہے۔

# وزیر لائیوسٹاک سردار حسنین بہادر دریشک کی ضلع قصور کے مویشی پال افراد سے ملاقات



محکمہ لائیوسٹاک مویشی پال حضرات کے مسائل سے اچھی طرح آگاہ ہے اوران مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔ یہ بات وزیر لائیوسٹاک سردار حسنین بہادر دریشک نے ضلع قصور میں مختلف نجی و سرکاری اداروں جن میں سول ویٹرنری ہسپتال، ویٹرنری تشخیصی لیبارٹری، سائیلج پروڈکشن یونٹ اور نجی ڈیری فارم شامل تھے کے دورہ کے دوران کہی۔ تفصیلات کے مطابق وزیر برائے لائیوسٹاک سردار حسنین بہادر دریشک نے ضلع قصور میں مصروف دن گزارا اور ضلع قصور سے تعلق رکھنے والے لائیوسٹاک فارمرز اور دیگر سیاسی شخصیات سے بھی ملاقات کی۔

لائیوسٹاک فارمرز سے ملاقات کے دوران انہوں نے اُن کے مسائل بھی سنے۔ اس ملاقات کے دوران لائیوسٹاک فارمرز نے ویٹرنری ہسپتالوں میں الٹراساؤنڈ مشین کی فراہمی، ادویات کی بہتر سپلائی اور جانوروں کی غذائی ضروریات کے حوالہ سے مختلف آراء و تجاویز پیش کیں۔ سردار حسنین بہادر دریشک نے فارمرز کو ہر ممکن سہولت کی فراہمی بارے یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ لائیوسٹاک سیکٹر نہ صرف حکومتی ترجیحات کا اہم حصہ ہے بلکہ اس سلسلہ میں ہم مویشی پال حضرات کے مسائل سے بخوبی آگاہ بھی ہیں۔ مزید یہ کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ دودھ اور گوشت کی پیداوار کو ترقی یافتہ ملکوں کے برابر لایا جاسکے۔ جس کے لیے ہمیں ابتدائی طور پر جانوروں کے لیے بہترین کوالٹی کے سیمن





اور اچھے جینیاتی خواص کے حامل نسلوں کے جانوروں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے فارمرز کو یقین دہانی کروائی کہ محکمہ ان تمام مسائل کا ادراک رکھتا ہے اوران کے حل کے لیے مختلف اقدامات لے رہا ہے جس کے دوررس نتائج مرتب ہونگے۔ مزید براں انہوں نے ضلعی سطح پر الٹراساؤنڈ مشینوں کی فراہمی کی یقین دہانی بھی کروائی تاکہ تشخیصی معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ ضلعی سطح پر منہ کھر سیرم کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے۔ سائیلج پروڈکشن یونٹ کے دورہ کے دوران وزیر لائیوسٹاک نے سائیلج کی غذائی افادیت بارے بھرپور آگاہی مہم چلانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے نجی ڈیری فارم کا بھی دورہ کیا جس کے دوران فارم مینجمنٹ سسٹم اور انتظامی امور کو سراہا۔ اس دورہ کے دوران ڈائریکٹر لاہور ڈویژن، ڈائریکٹر کمیونی کیشن، ایڈیشنل ڈائریکٹر قصور اور پی ایس او بھی ان کے ہمراہ تھے۔

---

# دودھ اور گوشت کی پرائس ڈی کیپنگ کا معاملہ کابینہ میں زیر غور ہے: وزیر لائیوسٹاک سردار حسنین بہادر دریشک

**وزیر لائیوسٹاک سردار حسنین بہادر دریشک کا ضلع شیخوپورہ کا دورہ**





محکمانہ امور میں بہتری اور درست سمت متعین کرنے میں مویشی پال حضرات کی آراء و تجاویز کلیدی کردار ادا کرسکتی ہیں۔ یہ بات وزیر لائیوسٹاک سردار حسنین بہادر دریشک نے ضلع شیخوپورہ کے مویشی پال حضرات سے ملاقات کے دوران کہی۔ تفصیلات کے مطابق وزیر لائیوسٹاک پنجاب سردار حسنین بہادر دریشک نے ضلع شیخوپورہ کو دورہ کیا جس کے دوران انہوں نے نجی شعبہ میں قائم ڈیری اور بکریوں کے فارمز اور سرکاری اداروں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ نجی فارمز کے دورہ کے دوران وزیر لائیوسٹاک نے مویشیوں کی غذائی ضروریات اور علاج معالجے کی سہولیات بارے تفصیلی بریفنگ لی۔ انہوں نے جانوروں میں سائیلج اور جدید مشینری کے استعمال کو سراہتے ہوئے سرکاری و نجی سطح پر تحقیقی معاونت پر زور دیا۔ انہوں نے مقامی نسلوں کے تحفظ بارے جاری بریڈ امپرومنٹ منصوبوں کا دائرہ کار وسیع کرنے کی اہمیت پر بھی زور دیا اور کہا کہ عنقریب بریڈ امپرومنٹ بارے ایک بڑا منصوبہ پیش کیا جائے گا۔ وزیر لائیوسٹاک نے نجی شعبہ کو خدمات کی فراہمی اور حفاظتی ٹیکہ جات بروقت لگانے کی تاکید کی۔ وزیر لائیوسٹاک نے لائیوسٹاک سروسز اینڈ ٹریننگ سینٹر کا بھی دورہ کیا اور تمام شعبہ جات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ٹریننگ سینٹر میں جاری ڈپلومہ کورسز کا معیار بہتر بنانے کے لیے عملی کوششوں کی تاکید کی اور اس سلسلہ میں ٹیوٹا اور نیوٹیک جیسے اداروں سے تعاون کی ہدایت کی۔ انہوں نے ٹریننگ سینٹر میں جاری کورسز کو سیکٹر کی ڈیمانڈ کے عین مطابق بنانے پر زور دیا۔ وزیر لائیوسٹاک نے لائیوسٹاک کمپلیکس شیخوپورہ میں شجر کاری مہم کے تحت پودا لگایا اور مقامی سیاسی عہدیداران سمیت مویشی پال حضرات سے بھی ملاقات کی۔ وزیر لائیوسٹاک نے نجی سطح پر قائم بکریوں کے جدید فارم کا بھی دورہ کیا اور گوٹ فارمنگ بارے سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ بکریوں کی افزائش بارے یہ فارم مثالی اہمیت رکھتا ہے جہاں برازیل کا بین الاقوامی فارمنگ ماڈل اپنایا گیا ہے جس سے روایتی فارمنگ کی نسبت بہتر پیداوار ممکن ہے۔

@PunjabLivestock
@Livestockdpunjab
@livestockpunjab

لائیوسٹاک
بلیٹن

9th Edition MARCH 1-Mar 15, 2021
helpline : 0800-78686 www.livestock.punjab.gov.pk



# وزیر برائے لائیوسٹاک پنجاب سردار حسنین بہادر دریشک کا کراچی میں پاکستان کے سب سے بڑے ڈیری فارم کا دورہ



لائیوسٹاک سیکٹر میں پیشہ وارانہ جدت اور مہارت کا حصول، ڈیری اور بیف پروڈکشن جیسے شعبہ جات میں ترقی کیلئے ناگزیر ہے۔ یہ بات سردار حسنین بہادر دریشک نے اپنے دورہ سندھ کے موقع پر کہی۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ لائیوسٹاک پنجاب کا اعلیٰ سطحی وفد وزیر برائے لائیوسٹاک پنجاب سردار حسنین بہادر دریشک کی سربراہی میں صوبہ سندھ کے دورہ پر ہے جہاں وفد نے پاکستان کے سب سے بڑے ڈیری فارم سندھ ڈیریز کراچی کا دورہ کیا۔ جمیل احمد میمن کا قائم کردہ نجی ڈیری فارم دس ہزار سے زائد مویشیوں پر مشتمل ہے جس میں مقامی اور ولایتی جانور رکھے گئے ہیں۔ سردار حسنین بہادر دریشک کی سربراہی میں وفد نے سندھ ڈیری فارم کا تفصیلی دورہ کیا۔ جمیل احمد میمن نے وزیر برائے لائیو سٹاک پنجاب کو فارم کے تکنیکی اور انتظامی امور بارے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 1985 سے قائم شدہ اس ڈیری فارم کی پیداواری صلاحیت 80 سے 90 فیصد ہے جس کی بدولت دودھ کی روزانہ پیداوار اوسطاً 400 من (16000 لیٹر) ہے۔ پنجاب کے وزیر لائیوسٹاک سردار حسنین بہادر دریشک نے نجی ڈیری فارم کے ورکنگ ماڈل کو سراہتے ہوئے دونوں صوبوں کے مابین تحقیقی شعبہ جات مثلاً اینیمل نیوٹریشن، بریڈ امپرومنٹ اور ڈیری فارمنگ بارے تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ سردار حسنین بہادر دریشک کا کہنا تھا کہ یہ فارم بلاشبہ روایتی اور جدید انتظامی امور کا حسین امتزاج ہے۔ انہوں نے کہا کہ جانوروں کے گوبر کو ضائع کرنے کی بجائے بائیوگیس پلانٹ کی مدد سے سستی توانائی کا حصول قابل تقلید عمل ہے نیز جانوروں کی غذائی ضروریات کے لئے ملٹی کٹ گر اس کی پیداوار نہایت خوشگوار تجربہ ہے جس سے نہ صرف ڈیری اور بیف کے شعبہ جات میں پیداواری لاگت میں کمی واقع ہوتی ہے بلکہ سستی گیس کا حصول بھی ممکن ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ صوبہ سندھ اور پنجاب کے مابین تحقیقی تعاون کی ضرورت ہے تا کہ ہم اپنی مقامی نسلوں کے خواص میں بہتری لا کر دودھ اور گوشت کی پیداوار کو بڑھا سکیں۔ انہوں نے کٹروں بچھڑوں کی صحت اور بیف فارمنگ کے لیے غیر روایتی طریقوں کے استعمال کو سراہا اور امید ظاہر کی کی بریڈ امپرومنٹ کے ان طریقوں کو صوبہ پنجاب میں بھی آزمایا جاسکتا ہے۔ جمیل احمد میمن نے وزیر برائے لائیوسٹاک پنجاب سردار حسنین بہادر دریشک کے دورہ سندھ کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ اس دورے سے دونوں صوبوں کے درمیان ڈیری اور بیف فارمنگ میں مزید تعاون کو فروغ دیا جا سکے گا۔ اس دورہ کے دوران ڈائریکٹر لاہور ڈویژن ڈاکٹر کنور محمد نعیم، ڈائریکٹر کمیونیکیشن اینڈ ایکسٹینشن ڈاکٹر آصف رفیق اور ڈاکٹر یاسر ابرار بھی سردار حسنین بہادر دریشک کے ہمراہ تھے۔





# اداروں کو مزید فعال بنانے سے روزگار کے نئے مواقع میسر ہونگے: سیکرٹری لائیوسٹاک کیپٹن (ر) ثاقب ظفر



اداروں کو مزید فعال بنانے سے روزگار کے نئے مواقع میسر ہونگے۔ یہ بات سیکرٹری لائیوسٹاک کیپٹن (ر) ثاقب ظفر نے ایک محکمانہ اجلاس کے دوران کہی۔ تفصیلات کے مطابق لائیوسٹاک پنجاب میں سروسز کا معیار بہتر بنانے بارے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس کی صدارت سیکرٹری لائیوسٹاک کیپٹن (ر) ثاقب ظفر نے کی۔ اجلاس میں سیکرٹری لائیوسٹاک جنوبی پنجاب آفتاب احمد پیرزادہ نے خصوصی شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل (توسیع) ڈاکٹر نوید احمد نیازی نے محکمانہ خدمات بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں اوسطاً کم کیسز اور کم فعال اداروں میں مختلف سرگرمیاں شروع کرنے کی تجاویز پیش کی گئیں۔ سیکرٹری لائیوسٹاک کیپٹن (ر) ثاقب ظفر کا کہنا تھا کہ خدمات کی بہترین فراہمی بارے کوئی کسر اُٹھا نہ رکھی جائے۔ انہوں نے وسائل کے بہترین استعمال کے ساتھ سہولیات کو بہتر بنانے کی بھی ہدایت کی۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ سرکاری سطح پر سائیلج پروڈکشن ماڈل جلد از جلد تیار کیا جائے تا کہ سائیلج کے استعمال بارے موثر آگاہی مہم چلائی جائے۔ انہوں نے فارمرز کی سہولت کے لیے دودھ اکھٹا کرنے کا منظم نظام مرتب کرنے کی ہدایت کی اور دور دراز علاقوں میں موبائل ویٹرنری ڈسپنسریز کو مزید فعال بنانے کی بھی تاکید کی۔ اجلاس میں گوالہ کالونی لاہور میں بائیوگیس پلانٹ لگانے بارے تجاویز مرتب کرنے کی سفارش کی گئی۔ سیکرٹری لائیوسٹاک کیپٹن (ر) ثاقب ظفر کا کہنا تھا کہ سہولیات کی دستیابی اور خدمات میں بہتری سے روزگار کے نئے مواقع میسر آئیں گے۔ اجلاس میں سیکرٹریز لائیوسٹاک سمیت ڈائریکٹر جنرل (توسیع) اور ایڈیشنل سیکرٹریز نے بھی شرکت کی۔



